سوال

(111) صاحب استطاعت اور ملازم کے لئے زکوۃ کا مال لینا جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں ملازم ہوں اور مجھے تقریباً تین ہزار ریال ماہوار تنخواہ ملتی ہے۔ کسی تقریب کے موقعہ پر میں نے سنا کہ ایک تاجر صدقہ تقسیم کرتا ہے۔ میں اس کے ہاں گیا تو اس نے مجھے بھی کچھ رقم دے دی۔ کیا یہ مال میرے لیے حلال ہے؟ (ق۔ م۔ س۔ الریاض)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آپ کی تنخواہ سے آپ کی اپنی اور اہل وعیال کی ضروریات پوری نہ ہو سکتی ہوں اور خرچ معمول کے مطابق ہو، جس میں اسراف وتبذیر نہ ہو تو آپ کے لیے زکوۃ حلال ہے، ورنہ نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو بھی دین کی سمجھ عطا فرمائے اور اپنے فضل سے آپ کو بے نیاز کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ